قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ
یا اللہ   ام م   اام   یا اللہ
وَھُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ط

سورۃ فاطر کی یہ خاصیت بتائی گئی ہے۔ اس سورت کے روزانہ پڑھنے والے کا یوں بیان کیا جاتا ہے۔ کہ دنیا میں مشکلیں آسان ہونگی۔ اور قیامت کے دن آسانی سے گذریگا پلصراط سے وہ شخص اڑتا ہوا مانند جانور پرندے کے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس میں فرشتوں کے پر ہوتے ہیں۔ بعضوں کے دو۔ دو۔ تین۔ تین چار۔ چار اللہ تعالےٰ زیادہ کر دیتا ہے۔ مثلاً جبرائیل علیہ السلام کے چھ سو پر ہیں۔ اس لئے تمام فرشتوں سے جلدی آجا سکتا ہے۔

اس سورت فاطر کے پڑھنے والا ہر مشکلات سے بچا رہے گا۔ اور پلصراط سے فرشتوں کی طرح پار ہوگا۔ لاغر بیمار کو شروع سے اخیر تک یہ سورت سیاہی سے کورے کاغذ پہ لکھ کر گھولکر بوتل میں ڈالے۔ صبح نہار ایک گھونٹ پی لیا کریں۔ انشاء اللہ وہ مریض اٹھ کر چلنے پھرے گا۔ آزمائش شرط ہے۔ لیکن طریقہ صحیح ہونا ضروری ہے۔

سورۃ یٰسین:۔ اس کی خاصیت اس طرح بیان کی گئی ہے۔ اس سورت کے بیشمار فوائد ہیں۔ مروی ہے کہ فرمایا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کہ ہر شے کا قلب ہوتا ہے۔ لہذا قرآن کریم کا قلب سورۃ یٰسین ہے۔ اور فوائد اس کے بیشمار ہیں۔ اول تو اس سورۃ کا وظیفہ بعد نماز فجر کے ہوگا۔ چاند غرہ میں ہو تو اس عمل کو شروع کرے۔ یعنی شروع سے جب لفظ مبین آجاوے تو مبین کے لفظ کو سات مرتبہ پڑھ کر سورۃ کو پھر شروع سے پڑھنے لگے۔ پھر جب دوسری مبین پر پہنچے تو اسے بھی پہلے کی طرح سات مرتبہ کہے اور سورہ کو پھر از سر نو شروع کرے

علیٰ ہذا القیاس ساتوں مبینوں پر بھی عمل کرے اور ساتویں کو سات بار کہکر پھر شروع سے
اخیر تک ساری صورت ایک بار پڑھے ۔ پس انشاء اللہ ایک عرہ تیس دن تک
وظیفہ مکمل ہو جائے گا۔ دوسرا اس کے پڑھنے والے کا جان کندن کا عذاب معاف
ہوگا۔ لیکن ہر روز پڑھے اور تمام حاجات دینی و دنیاوی حاصل ہوں گی۔ سانپ
کے ڈس جانے پر دم کرتے ہی آرام ۔ صرف اس آیت مبارک سے سانپ کا دم
کرے کہ "سلامٌ قولاً من رب الرحیم" صرف یہ آیت دم کیلئے اکسیر ہے۔ اگر کسی
شخص کے وقار میں فرق آگیا ہو تو اس مبارک سورۃ کو ہر روز بعد نماز فجر کے
پڑھے انشاء اللہ باوقار باعزت زندگی بسر کرے گا۔ اگر محتاج پڑھے گا۔ تو
انشاء اللہ غنی ہوگا۔ اگر زن عقیمہ اس سورت کو پڑھے گی تو اولاد نرینہ جنے
گی۔ اس سورت کے پڑھنے والے پر سحر جادو نہ ہو سکے گا۔ اس لئے جس شخص
پر اخلاص سے کچھ فرق آگیا ہو۔ وہ بعد نماز فجر کے ہر روز ایک مرتبہ بلاناغہ پڑھے
انشاء اللہ تعالےٰ اللہ کی نزدیکی حاصل ہوگی۔

سورۃ الصّٰفّٰت ایک سو بیاسی آیت پانچ رکوع تئیسویں ۲۳ پارے میں ہے
اس کی خاصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ جو کوئی ایک مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ وہ ہر
طرح سے امن میں رہے گا۔ اور نہ ہوگا ذلیل کہیں بھی۔ اگر کسی شخص کے اولاد
نہ ہوتی ہو۔ تو اس سورت کو صبح کی نماز کے بعد ایک مرتبہ روزانہ پڑھ کر
دعا مانگے۔ اکیس ۲۱ یوم تک انشاء اللہ بفضل خدا اللہ تعالےٰ اولاد نیک
عطا فرمائے گا۔ بعض عورتیں ایسی ہوتی ہیں جن کے بدن سے اولاد نہیں
ہوتی۔ اس کے لئے اس سورت کا نقش لکھ کر پلایا جاوے اور ایک نقش اس
کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ بانجھ عورت کی گود ہری ہو جائیگی

۷۸۶

رَبِّ هَبْ لِيْ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ ۝
فَبَشَّرْنٰهُ	بِغُلٰمٍ	حَلِيْمٍ ۝
۱۰۱ م م	ام ام	یا اللہ

یہ نقش بانجھ عورت ایک تو نو ماہ تک
گلے میں ڈال رکھے اور ایک روزانہ
مکمل کر پئے۔ انشاء اللہ مراد بر آئیگی۔

سورت ص :- جس کی اٹھاسی آئتیں پانچ رکوع ہیں پارہ ۲۳ میں ہے۔ اس کی خاصیت یوں بیان کی جاتی ہے۔ جو کوئی پڑھے گا اس سورۃ ص کو روزانہ با وضو فرمایا اللہ تعالےٰ نے اِنَّ لَہٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰی وَحُسْنَ مَاٰبٍ ط

ترجمہ :- تحقیق واسطے اس کے ہے نزدیک ہمارے مرتبہ نزدیکی کا اور اچھی جگہ پھر جانیکی ۔ یعنی اس کے پڑھنے والا پاویگا خدا کی نزدیکی اور رحمت مگر پڑھے روزانہ بعد نماز فجر کے ۔ مت ناغہ پاوے شروع کرکے وظیفہ ۔ لکھی گئی حکایت داؤد اور سلیمانؑ کی :

ایک دن حضرت سلیمانؑ نے سوچا کہ سمندر سے نکلتے ہیں دریائی گھوڑے چلا گیا سمندر کے کنارے ۔ لے گیا گھوڑیاں پاس اپنے ۔ آئے گھوڑے سمندر سے جفت ہوئے ساتھ گھوڑیوں کے ۔ اور بچے ہوئے ۔ جاتا رہا وقت وظیفے ۔ نماز عصر کا ۔ پھر سوچا کہ گھوڑوں کے خیال میں کھویا وقت میں نے نماز اور وظیفے کا ۔ تو کاٹ ڈالے گھوڑے اور اللہ تعالےٰ نے کی تعریف فرمائی ۔ پس خبردار کیا اللہ نے اپنے دوست سلیمانؑ کو ۔ جب آپ جاتے استنجا کو تو اپنی انگشتری دے جاتے اپنے غلام خاص کو ۔ جس میں اسم اعظم لکھا تھا ۔ جس کی وجہ سے دیو ، جن پریاں فرمانبردار تھے ۔ ایک مسخرا جن حضرت سلیمانؑ کی صورت بن کر غلام کے پاس گیا ۔ غلام نے دھوکے میں آکر انگشتری جن کو دے دی ۔ جب انگشتری مسخرا کے پاس گئی ۔ تو وہ بیٹھ گیا سلیمانؑ کے تخت پر اور حکم چلانے لگا ۔ جب سلیمانؑ کو معلوم ہوا تو وہ چھپ کر رہنے لگے کہ مجھے مروا نہ دے جب چھ ماہ کا عرصہ ہوا تو حضرت سلیمانؑ کی لڑکی روتی رہتی تھی ۔ یاد کرکے باپ کو ۔ تو جنوں نے حضرت سلیمانؑ کی تصویر لڑکی کو پکڑا دی ۔ کہ چین کرے ؛

آخر مسخرا جن چھ ماہ کے بعد ایک دن شراب کی مستی میں دریا پر گیا ۔ تو انگشتری دریا میں گر گئی ۔ وہ ایک مچھلی نے نگل لی ۔ وہ مچھلی ماہی گیر پکڑ کر

لایا۔ حضرت سلیمانؑ نے وہ مچھلی خریدی۔ اور اس کے پیٹ سے وہ انگشتری اُن کو ملی اور آکر اپنا تخت سنبھالا۔ تو دیکھی آکر تصویر پاس لڑکی کے۔ عورتوں میں سے ایک کو حمل ہوا۔ حضرت سلیمانؑ نے بہت پشیمانی کی۔ اس کے بعد حضرت سلیمانؑ کو جہاں کوئی جن آدمیوں کو تنگ کرتا ہوا معلوم ہوتا۔ تو اُسے قید کر لیتے یا بند کر کے دریا میں ڈال دیتے۔ اس لئے اس سورۃ ص کے پڑھنے میں یہ خاصیت پائی جاتی ہے۔ کہ اگر کسی بیمار کو ہوا لگ گئی ہو یا جسم میں ہوائی درد ہو تو وہ اس سورت کو لکھ کر گھول کر پئیے تو کلی آرام ہوگا۔ اگر کوئی شخص یا حاکم عہدے سے گر گیا ہو۔ تو وہ اس سورت کا ورد کرے اور نقش لکھ کر پاس رکھے۔ انشاء اللہ عہدہ برآء ہو کر ترقی کرے گا۔ وہ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ	وَهَبْ لِیْ
ام ام فَامْنُنْ	اَوْ اَمْسِكْ

سورۃ زُمر مکہ میں نازل ہوئی۔ اس کی ۷۵ آئتیں اور آٹھ رکوع ہیں اس کی خاصیت یوں بیان کی جاتی ہے۔ کہ جو کوئی پڑھے گا۔ اس کو نزدیک ہے بخشش اللہ کی۔ اگر کوئی شخص پڑھے اس سورت پاک کو سات یوم تین تین مرتبہ بعد نماز فجر کے بخشے گا گناہ اس کے۔ اگر کوئی عیاش آدمی بدکاریاں کرتے گذارے۔ اور وہ شخص اس سورۃ پاک کو تین مرتبہ پڑھ لے اپنی زندگی میں تو بخشے جائیں گے گناہ اس کے تمام۔ اور اس سورت زُمر کا نقش لکھ کر پاس رکھنے سے وہ آدمی کبھی بدی کرنے کا خواہشمند نہ ہوگا

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

لَا تَقْنَطُوْا	مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ
اِنَّ اللّٰهَ	يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
جَمِيْعًا اِنَّهٗ	هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۱

بھائی صاحب نقش لکھتے وقت یا سورۃ پڑھتے وقت باوضو ہو کر پڑھیں یا لکھیں۔ بغیر وضو کے نہ لکھے پڑھے۔ ورنہ اُلٹا گناہ ہوگا

سورۃ مومن مکہ میں نازل ہوئی اوپر حضرت محمد صلعم کے۔ اس کی پچاسی
آیات .. نو رکوع ہیں۔ اس کی خاصیت یہ بیان کی جاتی ہے کہ اس کے پڑھنے
سے توبہ قبول ہوتی ہے۔ اور گناہوں سے نجات ملتی ہے۔ اور دل کو منور
کرتی ہے۔ اگر کسی شخص کو غش دل کی بیماری ہو تو اس کو اس سورت کا پانی
دم کر کے پلاتے جاؤ۔ تو بھی بہتر ہے۔ یا نقش لکھ کر پاس رکھنے سے غش
دل کی بیماری سے کلی صحت ہوگی۔

وہ نقش یہ ہے۔

یہ نقش غش دل کے لئے بے حد
مفید ہے۔

۷۸۶

رفیع الدرجات	ذو العرش
یلقی الروح	من امرہ
یا حفیظ	ام ام

سورۃ حم چوبیسویں پارے میں ہے۔ اس کی چونجہ آیات اور چھ رکوع
ہیں۔ اس کی خاصیتیں یوں بیان کی جاتی ہیں۔ کہ جو کوئی پڑھے اس سورۃ کو
باوضو بلا ناغہ روزانہ۔ پس نہ خوف ہو اس کو دین و دنیا میں اللہ تعالےٰ
کریگا آخرت بہتر اوسدی۔ برکت ہوگی عمر وچہ تے رزق وچہ۔ غالب
رہے گا اوپر دشمناں دے۔ اور اگر کسی شخص کو ضرورت ہو اپنی غلطی۔
گناہ سے معافی دی۔ تے پڑھے اس سورت کو تین مرتبہ اور مغفرت مانگے
مولا کریم سے۔ انشاء اللہ دعاء قبول ہوگی۔

سورۃ شوری پچیسویں سیپارے میں ہے۔ اس کی ترپن ۵۳ آیات اور پانچ
رکوع ہیں۔ اور یہ خاصیت بتائی گئی ہے۔ اس کی۔ کہ جو کوئی پڑھے اس
سورۃ پاک کو دلیوے گی مدد دن قیامت کے اور پاوے گا نزدیکی اللہ تعالےٰ
کی۔ اور کشادہ کرے گا رزق اور اولاد اللہ۔ مگر پڑھے باوضو برو قبلہ
بعد نماز ظہر یا فجر کے۔ اور مفید ہے نقش اس کا واسطے بے اولاد عورتوں
کے۔ وہ نقش اس طرح
لکھا جاتا ہے۔

یہب لمن	یشاء اناثا و یہب لمن ال م ا
یشاء الذکور او	یزوجہم ذکرانا واناثا ویجعل من یشاء عقیماط

سورۃ زُخرف کی نواسیؔ آیات اور سات رکوع ہیں۔ اس کی یہ خاصیت بیان کی گئی ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ اس سورۃ میں فرماتا ہے

ترجمہ آیات:۔ سورہ زُخرف محکم ہے۔ کتاب بیان کرنے والی تحقیق کیا ہم نے اس کو قرآن عربی۔ تاکہ تم سمجھو اور تحقیق بیچ لوح محفوظ کے نزدیک ہمارے بلند اور حکمت بھرا ہے!

یہ سورت کی پہلی پانچ آیات کا ترجمہ ہے۔ یعنی اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ کہ قرآن بلند قدر حکمت کا بھرا ہے۔ یعنی ہر حکمت اس میں پائی جاتی ہے۔ ہر مرض کی شفاء ہے اور ہر گناہ کی دوا ہے۔ یہ سورہ تین مرضوں پر اکسیر ثابت ہے۔ دل کا دھڑکنا ہو تو صبح اس سورت پاک کو پڑھ کر پانی پر دم کرنا بڑا مفید ثابت ہوا ہے۔ تیسرا روتے بچے کو دم کرنا مفید ہے۔ ڈر خوف کسی قسم کا ہو بچے، بڈھے، جوان، عورت مرد کو اس کا پاس رکھنا کبھی خوف یا کوئی خیال بد پیدا نہ ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے۔ . . . . . .

۷۸۶

لاخوف علیکم	یٰعباد
تحزنون ہ	الیوم ولا انتم

سورۃ دُخان کی اناسٹھ آیات اور تین رکوع ہیں۔ اس کی یہ خاصیت بیان کی گئی ہے۔ ترجمہ آیات:۔ "اللہ تعالےٰ اس میں بھی قسم کھا کر فرماتا ہے!" کہ قسم ہے کتاب بیان کرنے والی کی۔ تحقیق اُتارا ہم نے قرآن بیچ رات برکت والی کے۔ اور تحقیق ہم ڈرانے والے بیچ اس کے فیصل کیا جاتا ہے۔ کام حکمت والا:"

یہ ترجمہ پہلی چار آیات کا ہے۔ اس سورت کے پڑھنے والا کبھی دلگیر نہ ہوگا۔ یہ دل میں مسرت پیدا کرتی ہے۔ اس سورۃ کا عامل ہر مرض کے اوپر دم کرکے فیض رسانی کرسکتا ہے۔ انشاء اللہ۔ بشرطیکہ اس سورت کو تین مرتبہ بعد نماز فجر کے روزانہ پڑھنے والا ہو۔

ترکیب :- جب کسی مریض کو دم کرنے لگے تو پہلے درود شریف ضرور پڑھے ۔ اجازت عمل ہے ۔ مگر کوئی اُجرت مقرر نہ کرے ۔ کیونکہ یہ کلام الٰہی ہے ۔

سورۃ جاثیہ اور احقاف ان کا پڑھنا بعد نماز ظہر کے آنکھوں کی ہر بیماری سے بچاتا اور بصارت زیادہ کرتا ہے ۔ سورۃ جاثیہ کا نقش لکھ کر پاس رکھنے میں یہ خاصیت ہے ۔ کہ وہ ایسا ہوگا کہ جیسے خدا کی رحمت کے دربار میں نہار ہا ہے ۔ اتنی بخشش کے چشمے ہیں اس میں ۔ بشرطیکہ آدمی نمازی ہو ۔

نقش مبارک یہ ہے ......

۷۸۶

فَیُدۡخِلُہُمۡ	رَبُّہُمۡ	فِیۡ
رَحۡمَتِہٖ ؕ	ذٰلِکَ ھُوَ	اَلۡفَوۡزُ
الۡمُبِیۡنُ ؕ	یَا اللہُ	یَا اللہُ

سورۃ محمد صلعم جو مدینے میں نازل ہوئی ۔ اس کی یہ خاصیت بیان کی گئی ہے کہ اس کے روزانہ پڑھنے والے کی جتنیاں بدیاں ہوں گی ۔ وہ بدیاں اللہ تعالےٰ اپنے فضل سے نیکیاں بناوے گا ۔ اس کے پڑھنے والا جو روزانہ پڑھے گا ۔ شہید مریگا ۔

سورۃ فتح مدینے میں اُتری ۔ اس کی اُنتیس ۲۹ آئتیں ہیں اور چار رکوع یہ سورت فتح آنے کا یہ سبب تھا ۔ کہ حضرت محمد سرور کائنات جب جنگ اُحد پر گئے مسلمانوں نے ایک دو حملے کئے ۔ مگر کفار جمے رہے ۔ پھر حضرت نے دعا کی کہ یا اللہ تو فتح دے ہم کو ۔ اور غلبہ دے اسلام کو اوپر کافروں کے ۔ پس اللہ نے اُتاری سورت فتح جب نازل ہوئی ۔ پس اب تک موجود ہے ۔ وہ نشانی ۔ جس جگہ یہ سورت اُتری وہاں ہے مسجد فتح بنائی ہوئی ۔ اُس مسجد کا نام ہے مسجد فتح ۔ دامن پہاڑ اُحد کے اس سورت کے پڑھنے والا پاوے گا نصرت ہر کام بگھڑے سے ۔ خواہ وہ کام کتنا بھی بڑا یا مشکل ہو ۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگا ہر کام میں ؁

سورۃ حجرات چھبیسویں سیپارے میں ہے۔ اس کے فوائد یہ بیان کیے جاتے ہیں۔ کہ اس کی اٹھارہ آئتیں دو رکوع ہیں۔ جو کوئی پڑھے اس سورۃ کو اللہ تعالےٰ کرے گا اُس کی نگہبانی ہوگا وہ صلح کلی ہر مخلوق کے ساتھ۔ پاوے گا ترقی ہر کام میں برکت ہوگی۔

ہر طرح ہر پوشیدہ بیماری پیٹ کی کے لئے اس کا نقش بڑا مفید ہے

وہ نقش یہ ہے۔ ......

۷۸۶

اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ	غَیْبَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ط	وَاللّٰہُ بَصِیْرٌ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ ہ	اللہ شافی اللہ کافی

سورۃ (ق) کے پنتالیس آیات اور تین رکوع ہیں۔ اس کے خواص یہ بیان کئے جاتے ہیں۔ کہ اس سورت کو حضور سرور صلعم ہمیشہ جمعہ کے خطبہ میں پڑھ کر سناتے تھے۔ اس کے پڑھنے سے گردش ختم ہو جاتی ہے۔ کسی پر نحوست ہو تو وہ اس سورت پاک کے پڑھنے اور سننے سے نحوست سے نجات پا سکتا ہے۔ گردش دفعہ ہو سکتی ہے۔ مگر اکیس ۲۱ روز روزانہ باوضو بعد نماز فجر کے یہ سورۃ تین مرتبہ روزانہ پڑھی جاوے۔ انشاء اللہ ہر طرح کی گردش، نحوست ساڑھ ستی پر انشاء اللہ فتح ہو جاتی ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔

سورۃ ذٰریٰت کی اساٹھ آیات اور تین رکوع ہیں۔ اس کی خاصیتیں یوں بیان کی جاتی ہیں۔ اس میں ذکر کیا گیا ہے حضرت ابراہیمؑ کا۔ کہ حضرت ابراہیمؑ کی نیک عادت تھی۔ کہ جب تک کوئی مہمان مسافر نہ آتا۔ روٹی نہ کھاتے۔

ایک دفعہ کئی دن گذر گئے۔ کوئی مہمان مسافر نہ آیا۔ حضرت ابراہیمؑ نے روٹی نہ کھائی۔ آخر اللہ تعالےٰ نے فرشتوں کو بھیجا۔ کہ جاؤ ابراہیمؑ کے گھر مہمان بن کر۔ فرشتے آئے اور حضرت کو سلام کہا۔ حضرت ابراہیمؑ نے ذبح کیا گائے کا بچھڑا اور گھی میں تلا۔ جب کھانا کھانے لگے تو

نہ کھایا فرشتوں نے کھانا۔ کہا ابراہیم علیہ السلام نے۔ کیوں نہیں کھاتے کھانا ساتھ میرے؛

دی خوشخبری فرشتوں نے کہ ہوگا تمہارے ایک لڑکا علم والا پس آئی حسرت بی بی کو کہ ہوں میں بوڑھی بانجھ۔ کہا فرشتوں نے۔ حکم ہے اللہ کا اسی طرح اور وہ ہے حکمت والا جاننے والا؛

حسرت یہ ہوئی کہ یہ کام ناممکن خدا نے ممکن کر دیا۔ اس لئے اس سورت کے پڑھنے یا پڑھ کر دم کرنے سے ناممکن کام بفضل تعالےٰ ممکن ہو جائے گا۔ اگر کوئی سخت بیمار لاعلاج ہو۔ اس کے لئے اس سورت پاک کو پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلاوے۔ تو وہ بیماری سے نجات پائیگا۔ کیسا بھی کوئی مشکل کام ہو۔ اس کے پڑھنے سننے سے آسان ہوگا۔

سورۃ طور کی اُنچاس ۴۹ آیات اور دو رکوع ہیں۔ اس کی خاصیت یوں بیان کی جاتی ہے۔ کہ اس کو پڑھنے والا رہے گا خوش وخرم اور پاوے گا نزدیکی اللہ کی۔ اور جو کوئی پڑھے گا اس سورۃ کو کھڑا ہو کر تہجد کے وقت۔ پس ہوگی قبول دعا بدرگاہِ الٰہی میں فوری اور ہوگی نظر رحمت اُس شخص پر اللہ کی۔ مگر باوضو کھڑا ہو کر تہجد کے وقت پڑھے۔ اگر کسی کو کانپ کر بخار آتا ہے تو اس کو اس کا نقش بنا کر گلے میں ڈالے یا پلاوے وہ نقش یہ ہے . . . .

۷۸۶

وَ سَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ
حِيْنَ تَقُوْمُ	وَمِنَ الَّيْلِ	فَسَبِّحْهُ
وَ اِدْبَارَ	نجُوْم ما	اللہ شافی
اللہ کافی	اللہ کافی	ام ام

سورۃ نجم کی باسٹھ آیات تین رکوع ہیں۔ اس کی خاصیت یوں بیان کی جاتی ہے۔ جو کوئی پڑھے اس سورۃ کو روزانہ طریقہ یہ ہے۔ کہ اس سورت کو کرے زبانی یاد۔ اور پڑھے ہر روز بعد نماز صبح کے سجدے میں پڑ کر۔ اور آخری آیت کو تین مرتبہ کہتا جائے۔ آیت یہ ہے۔ (فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ؕ) پس ہوگا وہ اللہ کے نیک بندوں میں شمار ہ

سورۃ قمر مکہ میں نازل ہوئی۔ اس کی پچپن ۵۵ آیات اور تین رکوع ہیں۔ یہ سورت پڑھی جاوے بعد نماز مغرب کے۔ پاوے گا ہر مجلس میں آسانی ہر مشکلات سے۔ اگر کوئی زراعت یعنی کھیتی باڑی کرتا ہو۔ تو اس سورت کو پڑھ کر جس کھیتی کے بیج بوئے گا۔ وہ فصل کبھی خراب نہ ہوگی۔ مثلاً ٹڈیاں، اندھیری یا گڑے اور دیگر تمام بلیات سے بفضل تعالےٰ محفوظ رہے گی!

سورۃ الرحمٰن ستائیسویں ۲۷ پارے میں ہے۔ اس میں اللہ تعالےٰ نے اپنی ہر نعمت جتائی ہے کہ مثلاً تمام نعمتیں انسان کے کھانے کے لئے (۳۲) بتی ہیں اور آدمی کے دانت بھی بتی ہوتے ہیں۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے (فبای الاء ربکما تکذبان) کی آیت واضح کر کے بتی مرتبہ اس سورۃ میں فرمائی۔ جو کوئی پڑھیگا اس سورۃ کو روزانہ صبح عطا فرماوے گا اللہ ہر نعمت یعنی بتی طرح کی۔ اگر جب عارضہ چیچک کا ہو تو جب بچے کے جسم پر چیچک ظاہر ہو جاوے تو ایک نیلا دھاگا لے کر سورۃ الرحمٰن پڑھنی شروع کرے جب لفظ فبای الاء ربکما تکذبان کا لفظ آوے۔ تو نیلے ڈورے کو گرہ دیتا جاوے۔ سورج ایک نیزہ بھر بلند ہو۔ منہ مشرق کی طرف کر کے بیٹھے۔ جب گرہ دینے لگے تو سورج کی طرف نظر اٹھا کر دیکھتا جائے۔ پھر وہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ صحت کلی ہوگی۔ مگر یہ عمل باوضو اور بغیر اجرت کے کرے شرط ہے۔

سورۃ واقعہ کی چھیانویں ۹۶ آیات اور تین رکوع ہیں۔ اس کی خاصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ جو کوئی پڑھیگا روزانہ اس سورۃ کو تو خوشحالی پاوے گا۔ دنیا تے نالے آخرت لوں۔ مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اس کے پڑھنے والے کو فاقہ نہ پہنچے گا!

اس لئے حضور صلعم نے امام حسن وحسین کو اس سورۃ کے پڑھنے کا حکم فرمایا۔ مگر اس سورت کو رات سوتے وقت پڑھا جاوے ایک مرتبہ روزانہ اور دعا مانگی جائے باجازت شرط ہے۔

سورۃ الحدید اور مجادلہ کا اس طرح فوائد بیان میں آیا ہے کہ اس کے پڑھنے والا بچا رہے گا شیطانی شر سے اور پاوے گا نزدیکی اللہ کی اور نہ محتاج ہوگا کسی کا۔ اگر کسی شخص مرد یا عورت کو دباؤ پڑ جاتا ہو۔ روح کو وہ کہے گا مجھے ہے سایہ واسطے اس کے ہے مجادلہ سورت کا نقش گھول کر پئے یا رکھے اپنے پاس گلے میں ڈال کر تو صحت پاوے انشاء اللہ مکمل۔ وہ نقش یہ ہے۔.......

۷۸۶
اللہ برحق اللہ لا الٰہ الا اللہ
وَ اَیَّدَ ھُمۡ بِرُوۡحٍ مِّنۡہُ
اللہ شافی اللہ کافی اللہ معافی

سورۃ حشر کی اٹھائیسویں [۲۸] سیپارے میں ہے۔ اس کی چوبیس [۲۴] آیات اور تین رکوع ہیں۔ اس کی خاصیت یوں بیان کی جاتی ہے۔ اس سورت کے اخیر میں جو آئتیں ہیں۔ یعنی لا یستوی اصحب النار و اصحب الجنۃ سے لے کر عزیز الحکیم تک۔ یہ آئتیں لاعلاج مریض جس کا کوئی بھی چارہ نہ رہا ہو۔ اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر دم کیا جاوے۔ انشاء اللہ بیمار کو ایک دفعہ ضرور صحت ہو جاویگی یعنی ان آئتوں میں اللہ کی توحید بھری ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ صلعم نے اصحابوں کو اس کا دم کرنا اس طرح فرمایا تھا۔ اس لئے اب بھی وہی طریقہ ہونا چاہیئے۔

ممتحنہ اور سورۃ الصف۔ دونوں کا یہ خواص ہے۔ کہ یہ پڑھی جائیں بعد نماز صبح کے اور پاوے ثواب جیسا جہاد کیا راستے اللہ دے۔ سورۃ الصف میں ذکر کیا گیا ہے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا۔ جسطرح حواریوں نے حضرت عیسےٰ کو۔ اور لگے مارنے۔ مدد کی اللہ تعالےٰ نے عیسےٰ کی۔ اور اٹھا لیا صحیح سلامت اس کو طرف اپنی۔ اسی طرح ان سورتوں کے پڑھنے والا ہوگا نزدیک اللہ کے۔ اور مدد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی۔

سورۃ جمعہ اٹھائیسویں [۲۸] پارہ میں ہے۔ مدینہ شریف میں حضور صلعم پر

نازل ہوئی۔ اس میں مثال ہے پرانے لوگوں کی۔ اور حکم ہے نماز جمعہ کا۔ جو کوئی پڑھیگا اس سورۃ کو بروز جمعہ کے۔ بخشے جاویں گے گناہ اس کے آتے جمعہ تک۔ جو شخص بیمار ہووے دن جمعہ کے۔ اس کو اس سورت پاک کا پڑھ کر دم کیا جاوے یا پانی دم کر کے پلایا جاوے۔ تو وہ انشاء اللہ صحت پاوے کا مکمل ۔

سورۃ تغابن اس سورۃ کی اٹھارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔ اس میں یہ خاصیت پائی جاتی ہے کہ اگر پھیل جاوے وبار یعنی بیماری کسی قسم کی۔ تو رات کو بعد نماز عشاء کے یہ سورت تغابن پڑھی جائے تمام شہر یا گاؤں کے چوفیرے ایک سو ایک مرتبہ۔ انشاء اللہ کوئی نیا بیمار نہ ہوگا۔ اور بیمار صحت پائیں گے۔ اجازت شرط ہے۔

سورۃ طلاق مدینہ میں نازل ہوئی اس کی بارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔ اسکی یہ خاصیت بیان کی گئی ہے۔ کہ اس کے پڑھنے سے عورت مرد میں ناچاکی نہ ہوگی اس کا تعویذ لکھ کر پاس رکھنے سے ہوگی مراد حاصل۔ مشکل آسان اور نحوست ختم۔ اور خوشحالی پیدا ہوگی وہ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

ومن یتوکل علی اللہ	ما اللہ
ام ام ام ام	
یجعل لہ من امرہ یسرا	

سورۃ ملک جو انتیسویں [۲۹] پارے میں ہے۔ اس کی تیس آیات اور دو رکوع ہیں۔ جو شخص پڑھے گا اس کو رات میں بوقت عشاء روزانہ۔ پاوے گا نجات عذاب قبر سے۔ مروی ہے کہ یہ سورت ملک جب انسان مر جائے اور داخل ہو قبر میں۔ تو یہ سورت ملک اسطرح اس انسان کو چھپاوے گی۔ جسطرح مرغی اپنے بچوں کو چھپاتی ہے نیچے پروں کے۔ یہ چھپا لیوے گی۔ اور جھگڑا کرے گی۔ ساتھ فرشتوں کے۔ نہ دینے دے گی عذاب اُن کو۔ کہے گی اے فرشتو مت مارو اس کو۔ یہ دنیا میں روزانہ میری تلاوت کرتا رہا ہے۔ اگر اس کو عذاب دینا ہے تو

کہہ دو اللہ تعالےٰ کو مجھ کو نکال دے قرآن سے۔ اگر نہیں ہٹتے تم تو میں جاتی ہوں اپنی بڑی بہین یٰسین کے پاس۔

پس نہ ہونے دے گی عذاب یہ سورۃ ملک اپنے تلاوت کرنے والے کو۔ اسی لئے حضرت محمد رسول اللہ صلعم نے فرمایا سورۃ ملک نجات قبر ہے۔

سورۃ قلم۔ الحاقۃ۔ المعارج :۔ ان کے یہ فوائد بتائے جاتے ہیں۔ کہ انکے پڑھنے والے کو اللہ تعالےٰ اعمالنامہ داہنے ہاتھ میں عطا فرماوے گا۔ ہزار برس کا جو ایک دن حساب (محشر) کا ہوگا۔ اور جو شخص یہ تینوں سورتیں ملاکر روزانہ پڑھنے والا ہوگا۔ پس آسان ہوگا دن حساب (محشر) کا اس پر اور بچے گا دوزخ کے زنجیروں سے۔

سورۃ نوح کی اٹھائیس آئتیں اور دو رکوع ہیں۔ اس کی خاصیت یُوں بیان کی جاتی ہے۔ کہ اس کے پڑھنے والا ہوگا جوشیلا۔ اس میں خدا تعالےٰ نے جوش رحمت بھرا ہے اگر کوئی بیمار سست لاغر ہے۔ اُس کو اس سورت کا دم کرنے سے طبیعت میں پھرتی اور چالاکی پیدا ہوتی ہے۔ یعنی دل جوش سے بھر آٹھے گا۔ اس لئے مریض کو دم کرنے سے فوراً صحت کی اُمید کامل ہوگی۔

سورۃ جن اور منفقون یہ خاصیت رکھتی ہیں کہ ان کے پڑھنے سے دل اطمینان پکڑتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کی نزدیکی حاصل ہوتی ہے۔ بچوں کے سوکھے کی بیماری سورۃ جن کے دم کرنے سے چلی جاتی ہے۔ اور بخاروں کو دم کیا جاوے تو بھی بہتر ہے!

سورۃ مزمل میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اشارہ کرکے اللہ تعالےٰ حکم فرماتا ہے۔ جو شخص پڑھے اس سورت مزمل کو بعد نماز صبح کے اس طریقے سے کہ شروع کرے باوضو اور ساری سورت میں ان چار آیتوں کو تین بار کہنا چاہیئے!

اول :۔ رب المشرق والمغرب لا الٰه الا ھو فاتخذہ وکیلا ط

دوم :۔ واللہ یقدر الیل والنہار ط

سوم :- یبتغون من فضل اللہ ط

چہارم :- واستغفر اللہ ان اللہ غفور الرحیم ط

ان چاروں لفظوں کو تین مرتبہ کہا جائے۔ کیونکہ یہ مقبولیت کی نشانی ہے۔
اگر کسی شخص کو بخار واری کا ہے۔ تو یہ دم کرنا بہتر ہے۔
ترکیب :- تھوڑا سا گڑ لے کر اور یہ سورۃ مزمل پڑھ کر گڑ پر پھونک مارے
اور اپنے ماتھے کی میل انگلی سے گھسا کر گڑ کو لگا کر مریض کو کھلا دے۔ بخار
نہ ہوگا۔ انشاء اللہ !

مکے دا میلہ ختم ہوا

خونیاں ندیاں

اک شاندار کتاب اے۔ جس دے وچ حاجی چراغدین جوئیکے والا نے اُنی سو سنتالی دے قتل عام دے
پچھے حالات تے واقعات نہایت پُر درد شعراں دے وچ لکھ کے تے سارے پنجاب نوں
بھبھاں مار مار کے رووا دتا اے۔ وقت گذریا جاندا سی تے گل بھلدی جاندی سی "خون دیاں
ندیاں" دی کتاب نے مہاجر تے انصار مسلماناں دے زخماں نوں پھیر ہرا کر دتا اے۔ خون
دیاں ندیاں دے دردناک بیان پڑھ کے تے تھاں تھاں اُتے جسطرح خون خرابے ہوئے
نے اوہناں دے سارے نقشے اکھاں اگے آجاندے نے۔ کسطرح امرتسر، جالندھر، گورداسپور
فیروزپور، ہوشیارپور، لدھیانے، نابھے، پٹیالے، کپورتھلے، حصار۔ رہتک تے
گوڑگانویں دے پنڈ پنڈ شہر شہر تے قصبے قصبے دے گلی گلی تے کوچے کوچے دے
وچ مسلماناں دا ظالماں نے قتل عام کیتا۔ کس طرح قافلیاں نوں رستیاں وچ لٹیا۔ کسطرح

ریلاں نوں اُجاڑاں وچہ ڈک کے جواناں نوں قتل کیتا۔ کسطرح دھیاں بھیناں دیاں بے عزتیاں ہویاں۔ کوئیں پھیا نتوں نیزیاں تے ٹنگیا۔

ایہ ساریاں دردناک ہڈبیتیاں تے جگ بیتیاں خونی کہانیاں ساڈی کتاب

"خون دیاں ندیاں"

دلوچہ پڑھو۔ ایہ کتاب حاجی میاں چراغدین [illegible] دی عبدالستار صاحب نے مولوی غلام رسول صاحب [illegible] صاباں یوسف زلیخا دی طرز تے درد بھرے پنجابی شعراں وچ بنائی اے۔ جس نوں پڑھ کے پتھر توں پتھر دل وی انسان دی چیکاں مار مار کے رون لگ پیندے نے۔ ایس واسطے ہر مومن مسلمان بھائی نوں ایہ کتاب "خون دیاں ندیاں" ضرور خرید کے پڑھنی چاہی دی اے۔ ایس کتاب دے ہر حصے دی قیمت صرف دو روپے ۲ ڈاکخرچ ۸ ر مکمل کتاب چھ حصیاں وچہ ختم ہوئی اے مکمل کتاب اکٹھی منگوان والے نوں ڈاکخرچ معاف پر نصف قیمت پیشگی بھیجنی لازمی اے۔

اک گل ہور یاد رکھو

اج کل کئی نویں نویں بے اُستادے شاعر نقلاں مارن واسطے جمے ہوئے نے۔ ایہو جیہے تے نکمے شاعر بے سوادے شعر بنا کے تے اُتے کسے مشہور شاعر دی چلی ہوئی کتاب دا ناں لوکاں نوں دھوکہ دین واسطے لکھ دیندے نے۔ ایس واسطے تہانوں تاکید کیتی جاندی اے کہ کدھرے تسی دی دھوکہ نہ کھا جاؤ تے سونے دی جگہ پتل نہ خرید لینا "خون دیاں ندیاں" دی کتاب خریدن لگیاں اگوں چنگی طرح پڑھ کے دیکھ لینا کہ ملک بشیر احمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور دی چھپی ہووے۔ "خون دیاں ندیاں" جدوں وی خریدو۔ ملک بشیر احمد دا ناں ضرور پڑھ لوو۔

ملنے کا پتہ { ملک بشیر احمد اینڈ سنز تاجران کتب و پبلشرز کشمیری بازار لاہور

ہاسے دیاں پھلجھڑیاں،
یعنی پنجابی چٹکلے اک ایسی کتاب اے جس دے وچ اک سو چٹکلے نے۔ ہر اک چٹکلہ بڑا اودھیا تے مزیدار اے۔ ایہ چٹکلے ایڈے سوادی نے کہ کتاب اک واری شروع کر کے اخیر تک پڑھیاں بغیر چھوڑ رکھ دینا بڑا مشکل اے تے ہس ہس کے ڈھڈاں وِچ وَل پے جاندے نے۔ ایس کتاب دا اک اک چٹکلا سو سو روپے دا اے۔ پر ساری کتاب دی قیمت تین روپے علاوہ محصولڈاک،
ہاسے دی بارش: چراغدین دے بڑے سوادی تے مزیدار لطیفے پنجابی شعراں وچ لکھے گئے نے۔ قیمت ۲ روپے ۸ ڈاکخرچ ۱۲
چراغدین دیاں مسخریاں،
یعنی ہاسے دی پٹاری۔ ایس کتاب نوں پڑھو تے پچھلیاں پڑھیاں ہویاں ساریاں ای کتاباں بھل جاندیاں نے۔ اک واری سن لو تے ہزار واری سنن تے دل کردا اے۔ منڈیاں کھنڈیاں واسطے تحفہ اے۔ قیمت ۲ روپے ۸ محصولڈاک ۱۲
ہیر وارث شاہ: (باتصویر) اصل تے وڈی ہیر، ایہ کتاب بہت کاں چھاپی اے پر انہاں نے بہت سارے شعر گھٹا دتے نے تے غلطیاں بے حد پا دتیاں نے۔ ساڈی ہیر مکمل تے غلطیاں توں پاک کر دے موٹی قلم نال لکھوا کے چھاپی گئی اے۔ قیمت ۴ روپے۔ ڈاکخرچ ۱۲ روپیہ
خط لکھ کر گھر بیٹھے ہی کتابیں منگوائیں
رہنمائے جوانی،
نفسیات اور طب جسمانی کے متعلق بہترین کتاب ڈی اے وی کالج لاہور کے پروفیسر سابق ریسرچ سکالر ایگزامینر اور سیکرٹری امتحانات آل انڈیا آیورویدک رائے پنجاب یونیورسٹی کے سابق طبیب کی جنسی طب کے موضوع پر بہترین کتاب صرف شادی شدہ نوجوان طلب کریں یا جن کی شادی جلد ہونے والی ہے۔ قیمت ۲ روپے ۱۱
اختیاری اولاد: اس کتاب میں مندرج ہدایات پر عمل کر کے آپ جماع و مباشرت در محبت و پیار کے تقاضے بھی پورے کر سکتے ہیں اور کثرت اولاد سے بھی بچ سکتے ہیں۔ قیمت ۲ روپے
علاج مارگزیدہ،
اگر خدانخواستہ کسی کو سانپ ڈس جائے تو وہ اس کتاب میں درج شدہ نسخوں کی بدولت اچھا ہو جاتا ہے۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ
اپنی مرضی سے لڑکا یا لڑکی پیدا کر لیں
حکمت کی شاندار کتاب ہے آپ اپنی مرضی سے لڑکا یا لڑکی پیدا کر سکتے ہیں۔
ست سیر دودھ روزانہ ہضم کر لیں،
کئی دائم المریض اور دبلے پتلے آدمی موٹے اور جسیم ہونے کی خواہش میں ادھر ادھر مارے مارے پھرتے ہیں ان کو چاہیے نقلی دلی سازوں کی باتوں میں نہ آئیں بلکہ ہماری کتاب دودھ کی کرامات پڑھیں۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ بعض کمزور لوگوں نے کس طرح روزانہ سات سیر دودھ روزانہ ہضم کر کے اپنے جسم پہلوانوں کی طرح مضبوط بنائے۔ قیمت ۲ روپے محصولڈاک ۱۲
علاج بے دوا: اس سنہری کتاب سے آپ سنہری اصول اپنا کر دواؤں سے نجات پا لینگے۔ قیمت ۲ روپے
تین آنے کے ٹکٹ بھیج کر تاجر کتب کی فہرست مفت حاصل کریں
فلم ایکٹنگ گائیڈ،
فلمی دنیا کے شوقین لڑکے اور لڑکیاں ایکٹر و ایکٹریس بننے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں، اور کامیاب فلمی ستارے بن کر عزت کی زندگی بسر کریں۔ اور خوب دولت کمائیں۔ قیمت صرف تین روپے ۱۲ محصولڈاک
خاندانی منصوبہ بندی: اس کتاب کو پڑھ کر آپ جوانی کی امنگوں کو پورا بھی کر سکتے ہیں اور شہوانی جذبات کو پورا کر کے ساتھ بچوں کے روز افزوں ہونے سے بچ سکتے ہیں۔
ENGRAVICO
ملک بشیر احمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

سوانح عمریاں
آفتاب اجمیر اسلامی تہذیب و تمدن، تاریخ و سیاست، مذہب و معاشرت اور علوم و فنون کا بہترین مجموعہ ہے۔ جس کا ہر مسلمان، بچے بوڑھے اور عورت مرد کو ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔ کتاب کا اچھوتا اور نرالا طرز بیان اور شعروں کی چاشنی علم و ادب کی جان ہے۔ انتظار کی زحمت سے بچنے کیلئے آج ہی آرڈر دیجئے۔
قیمت ۵ روپے ڈاکخرچ ۱۴
مکمل سوانح عمری
حضرت مجدد الف ثانی سرہندی
جن کی تعلیمات نے انقلاب عظیم پیدا کر دیا۔ اور جن کا ہر سانس اور ہر حرکت کرامت تھی۔ قیمت صرف دو روپے، محصولڈاک ۱۲
حیات فریدی حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان و پاکستان کے سب سے بڑے مبلغ اور علمبردار اسلام اور سب سے کامیاب بزرگ ہیں۔ آپکی بہترین صحیح اور خوشخط سوانح عمری "حیات فریدی" کے نام سے زیور طبع سے آراستہ ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ قیمت ۔ روپے ۸ ڈاک خرچ ۱۲
سوانح عمری "سلطان الہند خواجہ غریب نواز"
آج جبکہ مشرقی پنجاب، دہلی اور دوسرے علاقوں سے مسلمان ذلیل اور تباہ ہو کر نکلے ہیں ضرورت ہے کہ ہم حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے نقش قدم پر چل کر اپنی کھوئی ہوئی عظمت رفتہ کو پھر حاصل کریں۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ خواجہ صاحب کی زندگی کے حالات پڑھ کر ہند میں اسلام کو پھر سے زندہ کرنیکی کوشش کرے۔
قیمت ۲ روپے ۸ محصولڈاک ۱۲
تذکرہ خواجگان قادری
حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی اور ... کے جلیل القدر بزرگوں کی زندگی کے حالات۔ قیمت تین روپے
رسومات عرس فریدی
پاک پتن شریف کی تاریخی و مذہبی مقدس زیارتوں کے علاوہ رسومات عرس کا مفصل بیان
"علی کے لاڈلے شہسوار کربلا"
جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی پیدائش سے شہادت تک کے پورے حالات اور واقعات اس انداز سے بیان کئے گئے ہیں کہ آپ کی سیرت و کردار، اخلاق و عادات، حق گوئی و بےباکی، بہادری و جوانمردی، سخاوت و رحمدلی وغیرہ کی پوری پوری تصویر آنکھوں کے سامنے پھرنے لگتی ہے اور پڑھنے والے کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کتاب نہیں پڑھ رہا بلکہ اپنی آنکھوں سے سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ خاص طور پر شہادت کے واقعات پڑھ کر دو گھنٹے ... قیمت ... ڈاکخرچ ۱۲
"داستان صابر رحمۃ اللہ علیہ"
نہ صرف حضرت صابر کلیری کی مکمل و مفصل سوانح عمری ہے، بلکہ آپ کی بچپن سے جوانی تک کا ایک ایک واقعہ وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اردو ادب کی جان ہے یہی وجہ ہے کہ تمام ہندوپاکستان میں یہ کتاب بہت زیادہ مقبول ہوئی اور پسند کی گئی ہے۔ ملک کے ہر حصے میں جہاں بھی صابر صاحب سے محبت رکھنے والے رہتے ہیں یہ کتاب ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہی ہے۔ "داستان صابر" واقعات کے لحاظ سے اچھی، مضامین کے لحاظ سے سب سے زیادہ معلومات افزا ہے۔ قیمت اڑھائی روپے ڈاکخرچ ۱۲
منگوانے کا پتہ ملک بشیر احمد اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور
خط لکھ کر گھر بیٹھے ہی کتابیں منگوا لیجیے
ENGRAV